BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن 19 اور 22 مئی سے اپنے آؤٹ ڈور ٹینس کورٹس، پکل بال کورٹس اور پیل ویلج گالف کورس کھول رہا ہے

برامپٹن، آن (15 مئی 2020) – اونٹاریو کی حکومت کی جانب سے اس اعلان کے بعد، کہ کچھ تفریحی سہولیات کھل سکتی ہیں، سٹی آف برامپٹن بروز منگل، 19 مئی سے اپنے بیرونی ٹینس اور پکل بال کورٹس اور بروز جمعہ 22 مئی سے پیل ویلج گالف کورس کھولے گا. آنے والے تمام لوگوں اور سٹی کے عملے کی صحت و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے جسمانی فاصلہ بندی اور صفائی کے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

**بیرونی ٹینس اور پکل بال کورٹس**

سٹی بروز منگل، 19 مئی کو اپنے 21 ٹینس اور سات پکل بال کورٹس کھول دے گا. یہ کورٹس پیر تا اتوار کھلے رہیں گے۔ صبح 11 بجے سے پہلے، کورٹس خصوصی طور پر صرف بزرگ افراد کے لیے دستیاب ہوں گے۔

جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی پابندی کرتے ہوئے، ایک وقت میں کورٹ میں دو سے زیادہ کھلاڑیوں کو نہیں چھوڑا جائے گا، جو دونوں ایک دوسرے سے نیٹ کی دوسری جانب ہوں گے۔ کھلاڑیوں کو ایک دوسرے سے ہر وقت دو میٹر (چھ فٹ) کے فاصلے پر لازمی رہنا ہو گا. جسمانی فاصلہ بندی پر عمل نہ کرنے والے لوگوں کو وہاں سے باہر چلے جانے کا کہا جائے گا.

تمام لوگوں کی صحت و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے درج ذیل قواعد رکھے گئے ہیں:

- کورٹس پہلے آئیں، پہلے پائیں کی بنیاد پر دستیاب ہوں گے اور جب دوسرے انتظار کر رہے ہوں، تو کھیلنے کا وقت 60 منٹ تک محدود ہو گا
- ریکٹ یا دوسرے آلات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر نہ کریں
- دوسروں کو گیندیں اٹھانے سے روکنے کے لیے ان پر واضح طور پر نشان لگے ہونے چاہیں۔
- اس وقت کے دوران بیرونی بیت الخلاء دستیاب نہیں ہوں گے (جہاں سہولیات دستیاب ہیں)
- تماش بینوں کی اجازت نہیں ہو گی

کوئی ٹینس یا پکل بال کورٹ ڈھونڈنے کے لیے، www.brampton.ca/parks ملاحظہ فرمائیں۔ کسی مسئلے کی اطلاع دینے کے لیے، 311 پر کال کریں۔

**پیل ویلج گالف کورس**

سٹی آف برامپٹن 29A ہارٹ فورڈ ٹریل پر واقع پیل ویلج گالف کورس کو بروز جمعہ، 22 مئی سے دوبارہ کھولے گا. یہ کورس روزانہ، اگر موسم نے اجازت دی تو، صبح 7 تا شام 6 تک کھلے گا. بزرگ افراد کے اوقات صبح 7 تا 11 بجے تک ہوں گے۔

جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی پابندی میں، کھلاڑیوں کو ایک دوسرے سے ہر وقت دو میٹر (چھ فٹ) کے فاصلے پر لازمی رہنا ہو گا. جسمانی فاصلہ بندی پر عمل نہ کرنے والے لوگوں کو وہاں سے باہر چلے جانے کا کہا جائے گا.

سٹی گالف کورس پر لوگوں کی صحت و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے اضافی احتیاط کر رہا ہے، بشمول:

- پورے کورس میں ہاتھ دھونے کی جگہیں اور ہینڈ سینیٹائزر فراہم کرنا
- گالف کھیلنے والوں کی پارکنگ لاٹ اور کلب ہاؤس میں محفوظ حرکت کو یقینی بنانے کے لیے ڈی کیلز اور ہدایاتی نشانات نصب کرنا
- ہر ٹی ٹائم میں کھلاڑیوں کو دو اور ہر گالف کارٹ میں کھلاڑیوں کو ایک تک محدود کرنا
- ٹی آف کے اوقات کے درمیان وقفے کو 20 منٹ تک بڑھانا
- سہولیات کی اضافہ شدہ اور زیادہ کثرت سے صفائی کا نفاذ، بشمول گالف کارٹس اور غسل خانوں کو جراثیم سے پاک کرنے کا ایک پروگرام

- "چھوئے بغیر کھیل" کو یقینی بنانے کے لیے بنکر ریکس کو ہٹانا اور گالف کپس کو اٹھانا
- سٹی کی جسمانی فاصلہ بندی کی کوششوں کی خلاف ورزی کو روکنے کے لیے کورس پر سیکورٹی کے اضافی اقدامات متعارف کروانا

موجودہ طور پر، گالف کورس گروپ ریزرویشنز، ٹورنامنٹس کی میزبانی یا سیکھانے کے پروگراموں کی پیشکش نہیں کر رہا۔

رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ 905.874.2995 پر کال کر کے ٹی کے اوقات کو پہلے سے بک کریں اور ادائیگیاں جگہ پر پہنچنے پر کی جا سکتی ہیں۔ فون لائنز بروز منگل، مورخہ 19 مئی کو دن 1 بجے سے کھلی ہوں گی۔ موقع پر خود تشریف لانے والوں کو کوئی خدمات فراہم نہیں کی جائیں گی۔ کرم فرماؤں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے طے شدہ ٹی کے وقت سے 15 منٹ سے پہلے نہ آئیں اور سیدھا کلب ہاؤس کے استقبالیہ کے حصے کو جائیں۔ ان پابندیوں کے نافذ رہتے ہوئے ایک تخفیف شدہ ریٹ دستیاب ہو گا۔ گالف کورس پر کپڑوں کا ضابطہ زیر نفاذ ہے۔

کلب ہاؤس اور پرو شاپ بند رہیں گی اور پُل کارٹ اور کلب کے کرایے تاحکم ثانی عارضی طور پر معطل رہیں گے۔ کرم فرماؤں کے لیے کھیل سے پہلے اور بعد میں بیرونی بیت الخلاء دستیاب ہوں گے۔ اس وقت میں خریداری کے لیے خوراک اور مشروبات دستیاب نہیں ہوں گی اور استعمال کنندگان اپنا ذاتی پانی اور بغیر الکحل کے مشروبات اپنے ساتھ لا سکتے ہیں۔

پیل ویلج گالف کورس نو سوراخوں والا ایک عوامی گالف کورس ہے، جو سٹی آف برامپٹن کی ملکیت میں ہے اور اس کی جانب سے چلایا جاتا ہے۔ کھیل کو بُک کرنے کے متعلق مکمل رہنماء، بشمول کووِڈ-19 کے اقدمات اور قابل غور اقدامات کی مکمل تفصیلات www.brampton.ca/peelvillagegolf پر دستیاب ہیں۔

**سٹی معمولات زندگی دوبارہ کھولنے اور بحالی کے منصوبوں کے حوالے سے کمیونٹی کی رائے طلب کر رہا ہے**

میئر کے ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کمیونٹی کے ساتھ تعامل شروع کر دیا ہے کہ سٹی کا دوبارہ کھولنا عوام کی خدمات اور سلامتی کی ضروریات پر پورا اترنا چاہیے۔ اس میں صارفین کے مخصوص گروہوں، کاروباروں اور کمیونٹی گروپس کے ساتھ کئی مشاورتیں شامل ہیں۔ سٹی نے اس ہفتے کھیلوں کے گروہوں کے ساتھ ایک ملاقات کی اور اگلے ہفتے بزرگ افراد کے ایک گروہ سے مشاورت کرے گا۔ برامپٹن کمیونٹی کو بھی دعوت دی جاتی ہے کہ وہ یہاں آن لائن دستیاب سروے میں شرکت کر کے یا covid19reopencity@brampton.ca پر بذریعہ ای میل رابطہ کر کے اپنی رائے ہم سے شریک کریں۔

کووڈ-19 کے خلاف سٹی آف برامپٹن کے رد عمل کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"چونکہ سٹی آف برامپٹن اضافی خدمات، بشمول اپنے گالف کورس کو دوبارہ کھول رہا ہے، یہ کام ہم ایک محتاط انداز میں کر رہے ہیں، جس میں صارفین کی سلامتی کو سب سے پہلے رکھا جا رہا ہے۔ ایک صحت مند اور محفوظ شہر کے طور پر، ہم رہائشیوں کو ایک چست طرز زندگی برقرار رکھتے ہوئے دیکھنے کے لیے پرجوش ہیں اور ہم ان خدمات کو بحفاظت دوبارہ کھولنے کے لیے ضروری اقدامات اٹھا رہے ہیں، جن پر رہائشی انحصار کرتے ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"اس ہفتے سٹی کے ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ نے سٹی کے کھیلوں کے گروہوں سے براہ راست بات چیت کی اور ہمیں سٹی کے کورٹس اور گالف کورس کو ایک محفوظ طریقہ کار سے کھول کر ان کی رائے کا جواب دینے پر خوشی ہے۔ ہم اس میں ایک ساتھ ہیں اور اپنے سٹی کی خدمات کو بحال کرنے اور اپنے شہر کو دوبارہ کھولنے میں پبلک ہیلتھ کے مشورے پر عمل کرنا جاری رکھیں گے۔

- *مارٹن میڈیروس ریجنل کونسلر وارڈز 3 اور 4؛ لیڈ، ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ*

"سٹی کی خدمات اور سہولت گاہوں کی حفاظت سٹی آف برامپٹن اور ہمارے عملے کی اولین ترجیح ہے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانا جاری رکھیں گے کہ ہم ایک ذمہ دارانہ اور محفوظ طریقے سے عوام کے لیے سٹی کی خدمات کو کھولیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

--30

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca